سوال

(642)زکواۃ امام کو دے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زکواۃ اگر اپنے مقامی امیر یا سردار یا اپنے پیر صاحب کو نہ دے بلکہ خود ہی مستحقین کو دے دیا کرے۔ تو کیا اس کی زکواۃ ادا ہوجائے گی۔ (سائل خریدار نمبر 9066۔ از پٹنہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سردار قوم اگر ہے اور وہ باقاعدہ مصارف میں خرچ کرتا ہے۔ تو اسی کے سپرد کرنا چاہیے۔ اور جن لوگوں کو معطی خود مستحق سمجھے۔ ان کی فہرست سردار قوم کو دے دے۔ اور اگر کوئی سردار قوم نہیں۔ تو ہر ایک شخص مختار ہے۔ مصارف میں خرچ کرے۔ ان شاء اللہ قبول کرے گا۔ (18 رمضان المبارک 47 ہجری 9

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 616

محدث فتویٰ